Answer sheet

Class X 2021-22

Course -A **Code-003**

Time: 120 minute **Subject-Urdu** Maximum Marks 40

SECOND TERM

Part A (10Marks)

حصہ الف

سوال نمبر۔1۔ **(الف)**

1۔ میر تقی میر غزل گوئی کے لئے مشہور ہیں

2۔ میر تقی میر کے والد صوفی قسم کے آدمی تھے

3۔ میر کی عمر اس وقت گیارہ برس تھی جب انکے والد کا انتقال ہوا۔

4۔ میر کے سوتیلے بھائیوں نے انہیں بہت تکلیف دی۔

5۔ میر کی سوانح عمری کا نام ہے "ذکر میر"

(ب)

1۔ تندرستی کو ہزار نعمت سے تعبیر کیا گیا ہے۔

2۔ زندگی کا مزا تندرستی سے حاصل ہوتا ہے۔

3۔ تندرستی نہ ہونے پر آفت آتی ہے، ہر خوشی رخصت ہو جاتی ہے اور انسان کی جان پریشانیوں میں مبتلا ہو جاتی ہے۔

4۔ آدمی کو اس وقت کھانا کھانا چاہئے جب اسے بھوک لگے۔

5۔ بچوں نے خدا سے تندرستی کی دعا مانگی۔

سوال نمبر2 ۔ **(الف)**

1۔ دلی کے تخت پر بیٹھنے والی پہلی ملکہ رضیہ سلطان تھی

2۔ رضیہ سلطان دہلی کے بادشاہ التمش کی بیٹی تھی۔

3۔ دہلی کے بادشاہ التمش نے اپنا جانشیں رضیہ سلطان کو مقرر کیا تھا۔

4۔ رضیہ سلطان نے اپنی جگہ جانشینی کے لئے اپنے بھائی رکن الدین کا نام پیش کیا تھا؟

5۔ التمش کی وفات پر جب وزیر نے بادشاہ کی وصیت پڑھ کر سنائی تو ترک امیروں نے اسے پسند نہیں کیا۔

(ب)

ا۔اس غزل کا مطلع ہے۔

کوئی امید بر نہیں آتی   کوئی صورت نظر نہیں آتی

2۔ 'امید بر نہ آنا" سے مراد امید پوری نہ ہونا ہے۔

3۔ زندگی کی پریشانیوں اور مصیبتوں کی وجہ سے شاعر کو رات بھر نیند نہیں آتی ہے۔

4۔ "آگے آتی تھی حال دل پہ ہنسی" اس مصرعے میں آگے کے معنی "پہلے کے ہیں"۔

5۔ اس غزل میں مقطع کا شعر ہے۔

کعبے کس منہ سے جاوگے غالب   شرم تم کو مگر نہیں آتی

Part -B (18Marks)

حصہ ب

سوال نمبر 3۔ اسم کی دو قسمیں ہیں

1۔ اسم خاص

2۔ اسم عام

سوال نمر 4۔ درج ذیل محاوروں کے معنی بتایئے اور ان کا جملوں میں استعمال بھی کیجئے۔

کھوپڑی میں نہ سمانا،   سمجھ میں نہ آنا   احمد کی بات اتنی پیچیدہ تھی کہ وہ سلیم کی کھوپڑی میں نہ سمائی۔

آب آب ہونا،   شرمندہ ہونا   ایک صاحب سینما کی برائی کیا کرتے تھے لیکن جب وہ مجھ سے سینما ہال میں ملے تو آب آب ہو گئے۔

. آنکھ کا تارا ہونا   بہت پیارا ہونا   نوشاد اپنے ماں باپ کی آنکھ کا تارا ہے۔

سوال نمبر 5۔ غزل یا قصیدہ کے آخری شعر کو مقطع کہتے ہیں جس میں شاعر اپنا تخلص ظاہر کرتا ہے مثال کے طور پر میر کا یہ شعر ہے:

میر ان نیم باز آنکھوں میں   ساری مستی شراب کی سی ہے

سوال نمبر 6۔ اقبال کا شمار اردو کے مشہور و مقبول شاعروں میں ہوتا ہے انھوں نے اپنی نظموں کے ذریعہ بلند خیالی ایمانداری سچائی، محبت، بھائی چارہ انصاف پسندی، بلند کرداری اور انسانی ہمدردی کا پیغام دیا انھوں نے بچوں کے لئے بھی نظمیں کہی ہیں وہ اردو کے سب سے بڑے فلسفی شاعر ہیں بچوں کے لئے انھوں نے جو نظمیں لکھی ہیں ان میں یہ ساری خصوصیات پائی جاتی ہیں۔

سوال نمبر 7۔ ساحر لدھیانوی اردو کے مشہور شاعر تھے۔ ان کا پورا نام عبد الحی تھا۔ وہ ساحر لدھیانوی کے نام سے مشہور ہوئے۔ ان کی پیدائش 1921 میں لدھیانہ پنجاب میں ہوئی۔ وہ طالب علمی کے زمانے سے ہی شاعری کرنے لگے تھے 1947 میں تقسیم ہند کے بعد دہلی چلے آئے۔ پھر تلاش معاش میں بمبئی پہنچے۔ جہاں انھوں نے فلموں کے لئے گیت لکھے۔ اپنے زمانے کے وہ سب سے مشہور نغمہ نگار تھے۔ ان کا انتقال 1980 میں ہوا۔

سوال نمبر 8۔ علامہ اقبال، نظیر اکبر آبادی اور حالی اردو کے تین مشہور نظم نگار ہیں۔

سوال نمبر 9۔ کسی مضمون یا متن کو ایک زبان سے دوسری زبان میں منتقل کرنے کے فن کو ترجمہ نگاری کہا جاتا ہے۔ اس کے لئے ترجمہ نگار کو ایک سے زائد زبانوں پر یکساں قدرت رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ جس زبان سے ترجمہ کیا جا رہا ہے اس زبان کے بولنے والوں کی تہذیب و ثقافت اور طرز معاشرت سے واقف ہونا بھی ضروری ہے۔

سوال نمبر 10۔ اس سوال کا اونتی نے یہ جواب دیا کہ "میرے گدھے کے بدن پر جتنے بال ہیں آسمان میں ٹھیک اتنے ہی تارے ہیں، نہ ایک کم نہ ایک زیادہ۔

سوال نمبر 11۔ اونتی نے اپنے گدھے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ "ٹھیک وہاں جہاں میرے گدھے کا اگلا دایاں قدم رکھا ہوا ہے، وہیں زمین کا مرکز ہے۔

سوال نمبر 12۔ سعادت علی انگریزوں کا دوست اور بہت عیش پسند آدمی تھا۔ اس نے اپنی آدھی مملکت کے ساتھ ساتھ دس لاکھ روپے نقد بھی دے رکھے تھے۔ اس لئے انگریزوں نے اسے اودھ کے تخت پر بٹھا رکھا تھا۔

Part -C (12Marks)

حصہ ج

سوال نمبر13۔ رباعی میں چار مصرعے ہوتے ہیں۔

سوال نمبر14۔ نظم "اے شریف انسانو!" ساحر لدھیانوی کی تخلیق ہے۔

سوال نمبر15۔ ترقی پسند تحریک کا آغاز 1936 میں ہوا۔

سوال نمبر16۔ گلی ڈنڈا" منشی پریم چند کا افسانہ ہے۔

سوال نمبر17۔ رتن سنگھ افسانہ نگاری کے لئے مشہور ہیں۔

سوال نمبر18۔ "کاٹھ کا گھوڑا " رتن سنگھ کا افسانہ ہے۔

سوال نمبر19۔ گدڑی کا لال مولوی عبدالحق کا خاکہ ہے۔

سوال نمبر20۔ گلہری چھالیا توڑنے پر قادر ہے مگر یہ پہاڑ کے بس کے باہر ہے۔

سوال نمبر21۔ پریم چند کا اصل نام دھنپت رائے تھا۔

سوال نمبر22۔ اردوئے معلیٰ اور عود ہندی مرزا غالب کے خطوط کے مجموعوں کے نام ہیں۔